مجلس طبّی علاج کے 25 مدنی پھولوں میں سے مدنی پھول نمبر 5 مع ضروری وضاحت

ڈاکٹر سے چیک اپ : شرائط کے حامل اجیر اسلامی بھائی اپنا اور اپنے متعلقین (جن کی جازت ہو) کا علاج کرا سکتے ہیں۔ غیر شادی شدہ کے والدین اور شادی شدہ اجیر کے صرف بیوی بچوں کے علاج کی سہولت ہے۔ بچوں میں لڑکے کی عمر 18 سال تک اور لڑکی کی شادی ہونے تک علاج کی سہولت حاصل ہوگی، جنرل فزیشن ڈاکٹر سے چیک اپ + ادویات کے 300 تک، اور کنسلٹنٹ کے چیک اپ + ادویات کے 500 تک کی ادائیگی کی جائیگی، بلز ہونے کی صورت میں ہر چیک اپ پر 500 تک کے لیبارٹری ٹیسٹ کی بھی ادائیگی کی جائیگی۔

ڈیلیوری : نارمل ڈیلیوری کی مد میں 7000 اور آپریشن کی ساتھ 22000 روپے کی ادائیگی کی جائیگی، ادویات و لیبارٹری ٹیسٹ اس میں شامل ہیں۔ ادائیگی کیلئے تمام بلز کا معتبر ہونا ضروری ہے۔

ڈی این سی اور غیر شرعی لیب ٹیسٹ، پیدائشی ٹیکوں کی ویکسین کورس کی ادائیگی نہیں کی جائیگی۔

ایمر جنسی علاج اخراجات : کسی بھی بیماری کا آپریشن، ہسپتال میں داخلہ، ایکسیڈنٹ، انتہائی نگہداشت، ہارٹ اٹیک ہونے کی صورت میں مجلس علاج ہسپتال کے اخراجات (2 لاکھ) کا 50% تک ادائیگی کرے گی۔ ہسپتال میں استعمال ہونے والی ادویات اور کرائے جانے والے لیب ٹیسٹ اس ادائیگی میں شامل ہونگے۔ (2 لاکھ یا اس سے زائد اخراجات کی صورت میں مجلس طبّی علاج 1 لاکھ روپے تک کی ادائیگی کریگی)

ہیپاٹائٹس اور موذی امراض : جن شہروں میں ہیپاٹائٹس کنٹرول پروگرام تک مجلس علاج کے تحت باآسانی رسائی ہے ان شہروں میں ہیپاٹائٹس کی ویکسین کی ادائیگی نہیں کی جائے گی، ہیپاٹائٹس کے بنیادی ٹیسٹ کی ادائیگی مکمل کی جائیگی۔ ہیپاٹائٹس لیول چیک کرانے والے ٹیسٹ کی ادائیگی مجلس علاج کی اجازت کے بعد کی جائیگی۔ ہیپاٹائٹس اور دیگر موذی امراض جن میں ادویات کا کورس ہوتا ہے، اس کی 50% تک ادائیگی کی جائے گی۔ (موذی امراض میں مبتلا اسلامی بھائی مجلس طبّی علاج کے مقررہ ڈاکٹر سے رابطے میں رہیں تاکہ مرض کی نوعیت اور علاج کے بارے میں معلومات اور سہولت فراہم کرنے کا سلسلہ رہے۔)

وضاحت : عمومی ڈاکٹر سے چیک اپ کروانے پر مع ادویات فی چیک اپ 300 روپے تک کی ادائیگی کی جائیگی۔

عام ڈاکٹرز میں یہ افراد شمار ہوتے ہیں (ایم بی بی ایس۔ آر ایم پی / ایم بی بی ایس۔ بی ایس سی) انہیں جنرل فزیشن کہا جاتا ہے

جبکہ کنسلٹنٹ ڈاکٹر سے چیک اپ کروانے پر مع ادویات فی چیک اپ 500 روپے تک کی ادائیگی کی جائیگی۔

کنسلٹنٹ ڈاکٹرز میں یہ افراد شمار ہوتے ہیں (ایم بی بی ایس کے ساتھ ہی ایف سی پی ایس یا ایم سی پی ایس یا ایف آر سی ایس یا ایف آر سی جی او یا ایف آئی سی ایس کی ڈگری پاس ہوں)۔

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو ! بعض لوگ حقیقی معنوں میں باقاعدہ ڈاکٹر یا حکیم نہ ہونے کے باوجود کلینک یا مطب کھول کر مریضوں کا علاج شروع کر دیتے ہیں۔ ایسا کرنا قانوناً جرم ہونے کے ساتھ ساتھ شرعاً بھی ممنوع ہے لہٰذا علاج کروانے سے پہلے ڈاکٹر کے بارے میں بنیادی معلومات کر لیں۔

وضاحت : اگرچہ ہر مرض اذیت دیتا ہے مگر ڈاکٹرز کی اصطلاح میں موذی مرض سے مراد وہ امراض ہیں جو طویل العلاج اور جان لیوا مشہور ہیں جیسے کینسر، بلڈ پریشر، شوگر ہیپاٹائٹس وغیرہ۔ بعض اسلامی بھائی موسمی یا عمومی مرض (مثلاً قبض، معدہ میں عمومی درد، بخار جانے کے بعد جسم میں کمزوری وغیرہ) کو بھی تین دن یا ہفتہ ہو جانے پر موذی شمار کرنے کا کہتے ہیں یہ طے شدہ مدنی پھول کے مطابق نہیں ہے۔

میل کرنے کی تاریخ ۔۔۔ 24 محرم الحرام 1436 بمطابق 18 نومبر 2014

7/1/15